سوال

(40) تہجد کی نماز عشاء کے بعد پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی شخص عشاء کی نماز ساڑھے نوبجے ختم کرے اس کے بعد ہی تہجد یعنی صلوۃ اللیل بھی پڑھ لے تو اس کی تہجد ادا ہو جائے گی یا نہیں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض دفعہ عشاء کے بعد بھی نماز تہجد پڑھی ہے لیکن ہمیشہ نہیں پڑھی اس لئے کبھی کبھی پڑھ لینے میں کوئی حرج نہیں۔

وباللہ التوفیق

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الصلوۃ، نماز کا بیان، ج2 ص76

محدث فتویٰ